سوال

(326)اس صورت میں زینب کی لڑکیوں کا نکاح ہوسکتا ہے یا نہیں؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

دو بہنیں ہیں ایک کا نام ہندہ دوسری کا نام زینب ہے۔ ہندہ کا ایک لڑکا زیداور زینب کی لڑکی ہندہ نے زینب کی لڑکی کو ایک دن میں ایک دفعہ دودھ پلایا۔ کیونکہ زینب گھر نہ تھی۔ اور لڑکی قریب المرگ ہوگئی۔ اسی طرح زینب نے ہندہ کے لڑکے زید کو بھی دودھ پلایا۔ کیونکہ ہندہ گھر نہ تھی۔ اورہندہ کا لڑکا زید فوت ہوگیا ہے۔ اورہندہ کے گھر اس لڑکے کے فوت ہوجانے کے بعد خداوند کریم نے دو فرزند دیئے اورہندہ اپنی ہمشیر زینب سے اپنے لڑکے کے لئے اس کی لڑکیوں کا رشتہ طلب کرتی ہے۔ ااور زینب کی اس لڑکی کے سوائے تین اور لڑکیاں ہیں۔ جس لڑکے نے دودھ پیا ہے۔ وہ فوت ہوگیا ہے۔ اور زینب کی لڑکی جس نے ہندہ کا دودھ پیا تھا حیات ہے۔ اب سوال یہ ہے کہ ہندہ کے دوسرے لڑکوں کے ساتھ زینب کی لڑکیوں کا نکاح ہوسکتا ہے یا نہیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جن لڑکوں نے خالہ کا دودھ نہیں پیا۔ ان کا نکاح خالہ کی لڑکیوں سے درست ہے۔ وَأَخَوٰتُكُم مِّنَ الرَّضٰعَةِ ۲۳ سورة النساء

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد2ص321

محدث فتویٰ